# کینٹونمنٹ بورڈ حیدر آباد


فون نمبر: 022-9200105

فیکس نمبر: 022-9200102


مورخہ 26 مئی، 2022

## عیدالاضحیٰ پر قربانی کے جانوروں کے لیے منڈی مویشیاں کا نیلام عام

ہر خاص وعام کو مطلع کیا جاتا ہے کہ کینٹونمنٹ بورڈ حیدر آباد اپنی حدود میں فٹ بال (Foot Ball) گراونڈ واقع عالم گیر روڈ پر عیدالاضحیٰ کے موقع پر قربانی کے جانوروں کے لیے منڈی مویشیاں کے حقوق کے فیس وصولی کا نیلام عام برائے عرصہ (12) یوم جو کہ 01 جولائی 2022 سے 12 جولائی 2022 تک کیلئے مورخہ 15، جون، 2022 بوقت 11:00 بجے دن دفتر ہذا میں منعقد کر رہا ہے مذکورہ تاریخ کو اگر ناگزیر وجوہات کی بناء پر نیلام نہ ہوسکا تو دوبارہ نیلام عام مورخہ 16، جون، 2022 بوقت 11:00 بجے، اور سہ بارہ نیلام عام مورخہ 17، جون، 2022 بوقت 11:00 بجے منعقد ہوگا خواہشمند حضرات مذکورہ نیلام عام میں شرکت فرما کر موقع سے فائدہ اٹھائیں۔

### نیلامی کی شرائط وضوابط

1- تمام خواہشمند حضرات کو بولی میں حصہ لینے کے لیے مبلغ -/Rs.25,00,000 (پچیس لاکھ روپے) بطور زر ضمانت (قابلِ واپسی) کال ڈیپازٹ بنام کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر حیدر آباد چھاونی بمعہ اپنے قومی شناختی کارڈ کی کاپی اور انکم ٹیکس سرٹیفکیٹ جمع کروا کر بولی میں حصہ لینے کے اہل ہونگے زر بیعانہ بطور سیکورٹی جمع رہے گا اور کامیاب اور دوسرے نمبر پر آنے والے بولی دہندہ کے علاوہ تمام بولی دہندگان کو بولی کے اختتام پر واپس کردیے جائیں گے۔

2- ریٹ برائے وصولی فیس مندرجہ ذیل ہوں گے۔

(I)----اونٹ / بیل / گائے (-/Rs.3000)

(II)----بکرا / دنبہ وغیرہ (-/Rs.1000)

3- بولی دہندہ بذات خود یا اپنے قانونی مختار کی وساطت سے بولی میں حصہ لے سکتے ہیں اگر کوئی بولی دہندہ دوسرے کی جگہ بولی میں حصہ لینا چاہتا ہے تو اس کا اتھارٹی لیٹر اور قومی شناختی کارڈ کی فوٹو کاپی جمع کرانا ہوگی۔

4- کامیاب بولی دہندہ کو بولی کے اختتام پر کل بولی کا چوتھائی (1/4) حصہ نقد رقم (سیکورٹی ڈپازٹ کے علاوہ) موقع پر ہی جمع کرانا ہوگا۔ بصورت دیگر جمع شدہ رقم بحق کینٹونمنٹ بورڈ ضبط تصور ہوگی۔

5- ٹھیکہ دار کو ٹھیکے کی منظوری کے تین یوم کے اندر اندر نان جوڈیشل اسٹام پیپر پر تحریری معاہدہ کرنا ہوگا۔

6- کامیاب بولی دہندہ کو ٹھیکہ کی بقایا رقم ٹھیکہ شروع سے قبل جمع کروانا ہوگی۔

7- ٹھیکہ دار بجلی، گیس، پانی وغیرہ کا خرچہ خود برداشت کریگا۔

8- کامیاب بولی دہندہ کل رقم پر ایڈوانس فائیلر 10% اور نان فائیلر 20% انکم ٹیکس مروجہ قانون کے مطابق جمع کرائے گا۔

9- کامیاب بولی دہندہ نیلامی کی جگہ کو صاف ستھرا رکھنے کا پابند ہوگا۔ جانوروں کے لئے خوراک، پانی، اور سایہ کا بندوبست ٹھیکیدار کے ذمہ ہوگا۔

10- کامیاب بولی دہندہ کسی بھی طرح ٹریفک میں خلل پیدا ہونے نہیں دے گا۔

11- کوئی بھی ایسا شخص ادارہ یا فرم جو کسی بھی شکل میں کینٹونمنٹ بورڈ کا نادہندہ ہوگا۔ نیلامی میں حصہ لینے کا مجاز نہیں ہوگا۔

12- کرونا (COVID-19) کے پیشِ نظر مویشی منڈی میں ماسک کا پہنا لازمی ہوگا، بچوں اور پچاس سال سے زائد عمر کے افراد کا داخلہ ممنوع ہوگا۔

13- نیلامی کا نوٹس و شرائط وضوابط پیپرا PPRA کی ویب سائٹ www.ppra.org.pk پر بھی موجود ہے۔

14- کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر / کینٹونمنٹ بورڈ کا یہ حق محفوظ ہے کہ وجہ بتا کے کوئی یا تمام بولیاں قبول یا مسترد کردے دیگر شرائط وضوابط کینٹونمنٹ بورڈ حیدر آباد ریونیو برانچ سے دورانِ دفتری اوقات کار میں حاصل کی جاسکتی ہیں۔

المشتہر

کینٹونمنٹ ایگزیکٹو آفیسر

حیدر آباد چھاؤنی


Scanned with CamScanner